یکم فروری 2013ء

اسٹیٹ بینک نے یو مائیکروفنانس بینک کو قومی سطح پر کام کرنے کا لائسنس جاری کردیا

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے یو مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ (سابقہ روزگار مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ) کو قومی سطح پر کام کرنے کا لائسنس جاری کردیا۔

واضح رہے کہ روزگار مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ ضلعی سطح کا مائیکروفنانس بینک تھا جو کراچی ضلع میں کام کررہا تھا اور اس کی ایک برانچ اور 6 سروس سینٹر تھے۔ اگست 2012ء میں اسٹیٹ بینک نے پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کمپنی لمیٹڈ (پی ٹی سی ایل) کو روزگار مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ کے 100 فیصد حصص اس شرط پر خریدنے کی اجازت دی تھی کہ وہ ایک پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی حامل مینجمنٹ ٹیم لا کر اس مائیکروفنانس بینک کو ترقی دے گا اور قومی سطح کا مائیکروفنانس بینک بنائے گا۔ تمام متعلقہ تقاضوں کی تکمیل اور روزگار مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ کا نام بدل کر یو مائیکروفنانس بینک رکھے جانے کے بعد اسٹیٹ بینک نے یو مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ کو قومی سطح کے مائیکروفنانس بینک کا لائسنس جاری کردیا۔

☆☆☆